**Pakistan Tehreek-e-Insaf**

**Central Media Department**

## بریکنگ نیوز

پاکستان تحریک انصاف نے عوام کی منشا کو پامال کرکے ملک میں پی ڈی ایم ٹو جیسا شرمناک ڈرامہ رچانے کی کوششوں کو یکسر مسترد کردیا

چیف الیکشن کمشنر اور الیکشن کمیشن اراکین سے فوراً مستعفی ہونے کا بھی طالبہ

دھاندلی کا لبادہ پہنا کر پی ڈی ایم ٹو کو دوبارہ عوام کے سروں مسلط کیا جارہا ہے، ترجمان تحریک انصاف

ملک کی سب سے بڑی، مقبول ترین، چاروں صوبوں میں نمائندگی اور فیصلہ کن عوامی مینڈیٹ کی حامل تحریک انصاف ہی حکومت سازی کا بنیادی دستوری، جمہوری، اخلاقی اور سیاسی حق رکھتی ہے،

پاکستان جس معاشی وانتظامی تباہی کا آج شکار ہے اس کا ذمہ دار ہی پی ڈی ایم نامی نااہل، نکمّا اور عوام سے مسترد کیا جانے والا مجرموں کا ٹولہ ہے،

تین روز پہلے عوام نے اپنے ووٹ کے ذریعے نااہل مجرموں کے اس ٹولے کو ہی اپنے ووٹ کے ذریعے مسترد کیا جس نے 16 ماہ کے دوران عوام کو معاشی وانتظامی تباہی اور بدترین مہنگائی کی دلدل میں پھینکا، عزّتِ نفس اور دستور و قانون کے احترام سے یکسر بے نیاز چیف الیکشن کمشنر اور الیکشن کمیشن جمہوریت پر کھلے ڈاکے میں مرکزی سہو لتکار ہیں،

دستور پامال کرنے، قانون کی دھجیاں اڑانے، جمہوریت کو داغدار کرنے اور عوامی مینڈیٹ کی بے حرمتی کا دروازہ کھولنے والا چیف الیکشن کمشنر اور الیکشن کمیشن اراکین فوراًا ستعفیٰ دیں، ترجمان تحریک انصاف

عوام اپنے مینڈیٹ کے برعکس مجرموں کو ملک پر مسلط کرنے کے کسی منصوبے کو قبول کرے گی نہ ہی پاکستان تحریک انصاف اس کی اجازت دے گی،

ترجمان تحریک انصاف

منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ